# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 21 August 2026**
**Time : 12:30 PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے حکومت ہند کے سیکریٹریوں کے ساتھ اپنی رہائش گاہ پر اعلیٰ سطح کی تیسری میٹنگ کی صدارت کی، جس دوران بنیادی ڈھانچے، رابطے، سلامتی، خارجی اموراور گورننس سے جڑی وزارتوں اور محکموں کے مستقبل کے کام کاج کے ایجنڈے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

وزیراعظم نے سیکریٹریوں سے کہا کہ وہ اس دوراندیش نظریہ کے ساتھ سوچیں کہ ملک کے مستقبل کو کس طرح تشکیل دیا جانا ہے۔وزیراعظم نے کہا ہے کہ ڈیٹا ایک قومی اثاثہ ہے اور مستقبل کیلئے ایک اہم وسیلہ بھی۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سرحدی علاقوں میں غریبی کی سطح میں قدرے کمی واقع ہوئی ہے جبکہ ان علاقوں سے شہروں کی طرف ہجرت کی شرح میں پچاس فیصدی کمی واقع ہوئی۔

جموں صوبے کے کٹھوعہ ضلعے میں کرول کرشنا نامی سرحدی گاؤں کے دورے کے دوران وہاں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ خواتین سیلف ہیلپ گروپ، مقامی معیشت کو مضبوط کر رہے ہیں اور ہمارے نوجوان دلی اور ممبئی میں رہنے والے اپنے ہم پلہ نوجوانوں کی طرف بڑے خواب دیکھ رہے ہیں۔

لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ سرحدی دیہات ملک کے آخری نہیں بلکہ قوم کی شناخت اور ترقی کے لحاظ سے صف اول کے گاؤں ہیں۔

وزیراعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ جموں کشمیر سرکار عوام کیلئے بنیادی ڈھانچے کی ہر سہولت پورے معیار کے ساتھ فراہم کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔

سرینگر کے آلوچی باغ میں قریب 26 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے تعمیر کئے جانے والے جدید ترین ذبح خانے کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد انہوں نے کہا کہ حکومت شہری اور دیہی دونوں علاقوں میں تعمیر و ترقی کے عمل کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھانے کیلئے کام کر رہی ہے۔

واضح رہے کہ ذبح خانے کی سہولت میں روزانہ پانچ ہزار بھیڑ بکریوں کو پروسیس کرنے کی صلاحیت ہوگی۔

اس سے پہلے وزیر اعلیٰ نے کل راجباغ سرینگر میں سپورٹس کونسل کے 'گندن' سپورٹس کمپلیکس میں سوئمنگ پول اور دیگر سہولیات کا معائینہ کیا۔

امت شاہ

مرکزی کابینہ نے لداخ میں جموں کشمیر ہائی کورٹ کی ایک بنچ قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔ اس بات کی جانکاری مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ایک سوشل پوسٹ کے ذریعے دی۔

وزیر موصوف نے کہا کہ اس قدم سے انصاف اور عدلیہ تک لداخ کے لوگوں کی رسائی مزید آسان بنے گی۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ سرکار لداخ کی مجموعی ترقی اور اس خطے کے لوگوں کے آئینی حقوق کو تحفظ فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے۔

ڈی جی پی

جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران سالانہ کونسر ناگ یاترا کے سلسلے میں سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ پولیس کے سینئر افسروں نے ڈی جی پی کو اس یاترا کیلئے ضروری تیاریوں اور سیکورٹی انتظامت کی نسبت سے تفصیلی جانکاری دی۔ نلین پربھات نے اس یاترا کے کامیاب انعقاد کیلئے مختلف سلامتی ایجنسیوں کے درمیان قریبی تال میل پر زور دیا۔ دریں اثنا ایس ایس پی اننت ناگ عمود اشوک ناگپوری نے سالانہ شری امرناتھ کے سلسلے میں چھڑی مبارک اور اس سے جڑے دیگر مذہبی رسومات کے بارے میں سلامتی انتظامت کا جائزہ لیا۔

عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں وادی بھر میں سیرت النبی ﷺ اور ولادت باسعادت کے موضوعات کے ساتھ روح پرور مجالس کا سلسلہ جاری ہے۔

ان مجالس میں عقیدت مندوں کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔ 12 ربیع الاول، 26 اگست کو منائی جانے والی اصل تقریب کیلئے صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔ ادھر ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے بھی

عید میلاد کی تقریبات منانے کے سلسلے میں ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے بھی میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ضلعے میں منائی جانے والی تقریبات کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

ڈی سیز:

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششیر گپتا نے ضلع کیپکس کے تحت شوپیان میں زیر عمل سبھی کاموں کی بروقت تکمیل پر زور دیا ہے۔وہ متعلقہ محکموں کے ساتھ ضلع کیپکس کے تحت سبھی کاموں خاص طور پر ٹینڈرنگ کے عمل کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

ڈپٹی کمشنر کپوارہ شری کانت سوسے نے ٹیکی پورہ لولاب کا دورہ کر کے وہاں عوامی معاملات اور ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔انہوں نے مقامی لوگوں کے ساتھ بات چیت کی۔

محکمہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس بانڈی پورہ کی طرف سے ہائرسکینڈری سکول نادی ہل میں لڑکیوں کیلئے انڈر **14** اور انڈر **17** زمرے میں بین ضلعی کبڈی مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔

مردم شماری

جموں کشمیر اور لداخ کے چیف پرنسپل سینس آفیسر اور ڈائریکٹر امت شرما نے مردم شماری **2027** کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے آبادی کے لحاظ ایک قابل اعتبار ڈیٹابیس تیار کرنے کی غرض سے اس اہم سرگرمی میں عوام کی بھرپور شرکت نیز صحیح اور مکمل جانکاری درج کرانے پر زور دیا ہے۔

وہ بھدرواہ میں مردم شماری سے متعلق

**" Census-2027- Counting today , Shaping Tomarrow"**

کے موضوع سے منعقدہ ایک جانکاری پروگرام میں اظہار خیال کر رہے تھے۔انہوں نے طالب علموں کو اس عمل کے سفیر بننے کیلئے کہا تاکہ وہ عام لوگوں تک ان کا یہ پیغام پہنچائیں۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ